**Govt. of Karnataka**
**Department of School Education (Pre-University)**
**Model Question Paper - 3**

| | |
|---|---|
| Class: I Year PUC | Academic Year: 2024-25 |
| Subject: URDU (08) | Maximum Marks: 80 |
| Time: 3:00 Hours | No. of Questions: 51 |

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔
۳) اس سوالیہ پرچے کے چار حصے الف، ب، ج اور د ہیں اور ان میں سے حصہ ”الف“
کے سوالوں کے جوابات جو پہلی مرتبہ لکھے گئے ہیں صرف انہیں کی جانچ ہوگی۔

## حصہ - ”الف“

I. **(الف) درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔** 5X1=5

1. حضورؐ کی بعثت کا اولین مقصد۔
A. اعمالِ حسنہ کی تعلیم و تربیت تھا۔ B. دینِ اسلام کی تبلیغ و اشاعت تھا۔
C. کفر کے خلاف جہاد کرنا تھا۔ D. ہم آہنگی اور بھائی چارگی کی تعلیم دینا تھا۔

2. اسکول سے واپسی کے بعد بچوں نے کس بات کی ضد کی؟
A. لان میں کرکٹ کھیلنے کی۔ B. ٹی. وی پر کارٹون دیکھنے کی۔
C. بارش میں نہانے کی۔ D. گھومنے جانے کی۔

3. مضمون کے مطابق، کونسا جملہ خانساماں کے خود مختارانہ رویے کی بہترین عکاسی کرتا ہے؟
A. "جناب! تنخواہ کی فکر نہ کیجیے" B. "ہاتھ بیچا ہے، زبان نہیں بیچی!"
C. "مغلئی اور انگریزی کھانے آتے ہیں" D. "چپاتیاں بیٹھ کر پکاؤں گا"

4. مصنف نے جاپانی بُلٹ ٹرین کے سفر کو ”واہیات“ کیوں قرار دیا ہے۔
A. بُلٹ ٹرین وقت کی پابندی کرتی ہے۔ B. بُلٹ ٹرین بہت زیادہ رفتار سے چلتی ہے۔
C. بُلٹ ٹرین میں سفر کے دوران دھکے نہیں لگتے۔ D. بُلٹ ٹرین میں کھانے کی کوئی سہولت نہیں ہے۔

5. ڈرامے کے اختتام سے پہلے دوسرے آدمی کا ردعمل ظاہر کرتا ہے؟
A. وہ پہلے آدمی سے خوفزدہ ہے۔ B. وہ پہلے آدمی کی عقل مندی اور تجربے سے متاثر ہے۔
C. وہ پہلے آدمی کے ساتھ مذاق کر رہا ہے۔ D. وہ پہلے آدمی کے ارادوں پر شک کر رہا ہے۔

**(ب) قوسین میں دیے گئے مناسب مترادف کے استعمال سے خالی جگہوں کو پر کیجیے۔** 5X1=5

(خفیہ ، ابتدا ، صلاح ، نور ، چاند ، خوشی)

6. ماہتاب = ________________

7. پوشیدہ = ________________

8. مسرت = ________________

9. آغاز = ________________

10. مشورہ = ________________

**(ج) "الف" اور "ب" کو جوڑ کر اضداد بنایئے۔** 5X1=5

| | الف | | ب |
|---|---|---|---|
| 11. | اقرار | i. | دوزخ |
| 12. | مہمان | ii. | تاریکی |
| 13. | جنت | iii. | انکار |
| 14. | دوست | iv. | میزبان |
| 15. | روشنی | v. | دشمن |

**(د) ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔** 5X1=5

16. عقل سے کسے نور ملتا ہے ؟

17. تہذیب میں ترقی سے کیا ہوتا ہے ؟

18. سوویت یونین نے پہلا مصنوعی سیارہ کب اور کہاں بھیجا؟

19. ممتاز شیریں کا انتقال کب ہوا؟

20. لوگ وینکٹ رامن کی ستائش کیا کہتے ہوئے کرتے ؟

## حصہ۔ "ب"

II. (الف) ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

21. عقل کو باز قرار دے کر شعر میں مزید کیا کہا گیا ہے؟

22. صاحب نے سنگل اور ڈبل 'یس' والے سلام میں کیا فرق بتایا؟

23. جھگڑا زیادہ دنوں تک رہنے سے کیا ہوتا ہے؟

24. مرزا نے اپنے دیرینہ باورچی کو منہ زور اور بد تمیز کیوں بنایا؟

25. جاپانی، ٹرین کا سفر کس طرح کرتے ہیں؟

26. ڈاکٹر عبد الستار صدیقی کی ہمزہ سے متعلق کونسی تجویز رائج نہیں ہو سکی؟

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی تین کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 3X2=6

27. فنا اور بقا کس کو حاصل ہے؟

28. حضور اکرمؐ کی رحمت کی کوئی حد کیوں نہیں ہے؟

29. دولت اگر کھیتی اور موتی ہے تو وقت کیا ہے؟

30. حاصل وہم و گماں کسے کہا گیا ہے؟

31. شاعر کے مطابق سکھ دکھ کی باتوں کا اثر کیا ہوتا ہے؟

32. پیارا وطن کس کی جستجو ہے؟

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 1X2=2

33. نظم میں "رہنے کی جگہ" اور "کہنے کی جگہ" کے تصور کو کسی تنظیم یا ادارے میں کیسے نافذ کیا جا سکتا ہے؟

34. اگر نظم کے تناظر میں دیکھا جائے، تو آپ اپنی روزمرہ کی زندگی میں کتنی اہمیت کتابوں اور علمی مطالعے کو دیتے ہیں؟

III. (الف) ان میں سے کسی دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔ 2X4=8

35. حضورِ اکرمؐ کی قوت برداشت اور صلہ رحمی سے متعلق کوئی واقعہ لکھیے؟

36. خلائی جہاز اور خلائی سفر کے تصور کو ابتدا میں کن کن لوگوں نے پیش کیا تھا؟ مفصل لکھیے۔

37. پہلے آدمی کی چھتری کے فوائد پر تفصیل سے گفتگو کرنے کا مقصد کیا ہو سکتا ہے، وہ اس گفتگو کے ذریعے وہ دوسروں کو کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟

38. افسانہ "مردہ گھر" میں اسپتال کے عملے کی بے رحمی اور بے دلی کو کس طرح بیان کیا گیا ہے؟

(ب) کسی دو جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کیجیے۔ 2X2=4

39. ''بارش آنے والی ہے۔ کپڑے اٹھاؤ''

40. ''ہاتھ بیچا ہے، زبان نہیں بیچی۔''

41. ''حضرت! وہ جو بُلٹ ٹرین 8 / بج کر 41 / منٹ پر چلنے والی تھی، وہ کہاں ہے''۔

42. ''میں کہاں ہوں۔ یہ کمرہ بہت تنگ معلوم ہو رہا ہے''۔

## حصہ - ''ج''

IV. 43. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 1X4=4

i. دنیا دار المکافات ہے　ii. ایک نوجوان کے نام　iii. کرناٹک

44. ذیل میں دیے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔ 4X2=8

i. سینکڑوں حرف ہیں گرہِ دل میں　پر کہاں پایئے لبِ اظہار

ii. کبھی جو یاد بھی آتا ہوں میں تو کہتے ہیں　کہ آج بزم میں وہ فتنہ و فساد نہیں

iii. کچھ ایسی دور بھی تو نہیں منزلِ مراد　لیکن یہ جب کہ چھوٹ چلیں کارواں سے ہم

iv. جس طرف بھی چل پڑے ہم آبلہ پایانِ شوق　خار سے گل اور گل سے گلستاں بنتا گیا

v. دھند چھٹتی جائے گی منظر بدلتے جائیں گے　موسموں کے ساتھ ہم بھی گھر بدلتے جائیں گے

45. کسی ایک رباعی کی تشریح کیجیے۔ 1X4=4

i. ہمراہِ کرم حسنِ عمل تلتا ہے　احسان سے بابِ لطفِ حق کھلتا ہے
ہمدردیٔ غیر میں ہے اپنا بھی بھلا　کپڑا دھونے سے ہاتھ بھی دھلتا ہے

ii. کچھ وقت سے اک بیج شجر ہوتا ہے　کچھ روز میں اک قطرہ گہر ہوتا ہے
اے بندۂ ناصبور تیرا ہر کام　کچھ دیر میں ہوتا ہے مگر ہوتا ہے

## حصہ ''د''

V. 46. ذیل میں سے کسی چار مرکبات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4X1=4

i. سرفرازی　ii. خدمتِ خلق　iii. شان و شوکت

iv. بے باک　v. رونقِ بزم　vi. روزِ جزا

47. مندرجہ ذیل الفاظ کی جنس پہچانیے۔ 1X2=2

شجر دوستی زندگی ارمان

48. ان سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ایک ایک مرکب لفظ بنائیے۔ 1X2=2

[ہم] [نا] [دار] [مند]

49. ان کے مفعول لکھیے۔ 2X1=2

i. طالب ii. جرح

50. غزل یا مرثیہ کی تعریف بیان کیجیے۔ 1X2=2

51. ذیل کے جملوں کا اُردو زبان میں ترجمہ کیجیے۔ 4

i. Taj Mahal is one among the eight wonders of the world.

ii. Our National Anthem is written by Rabindranath Tagore.

iii. Man is a social animal.

iv. Don't build castle in the air, be in reality.

---